راہ چلتے ہراسانی کا خاتمہ کریں

نیو یارک سٹی کے لیے وسائل کا ایک رہنما کتابچہ

2023

nyc.gov/endgbv
nyc.gov/genderequity

NYC COMMISSION ON GENDER EQUITY

NYC Mayor's Office to End Domestic and Gender-Based Violence

NYC میں راہ چلتے ہراسانی کی روک تھام مشاورتی بورڈ

فہرست مشمولات

راہ چلتے ہراسانی کیا ہے اور یہ کس طرح مجھے متاثر کر سکتی ہے؟ 2

اگر راہ چلتے ہراسانی کا معاملہ میرے ساتھ پیش آتا ہے تو سر دست میں کیا کر سکتا/ سکتی ہوں؟ 3

اگر میں ہر سر عام کسی کو ہراساں کیے جاتے ہوئے دیکھوں تو میں کیا کر سکتا / سکتی ہوں؟ 5

راہ چلتے ہراسانی کا تجربہ ہونے کے بعد میں مدد کہاں تلاش کر سکتا/ سکتی ہوں؟ 6

میں راہ چلتے ہراسانی روکنے میں کس طرح مدد کر سکتا /سکتی ہوں؟ 9

میں ہراسانی یا امتیازی سلوک کی رپورٹ کس طرح کر سکتا / سکتی ہوں؟ 13

راہ چلتے ہراسانی کیا ہے اور یہ کس طرح مجھے متاثر کر سکتی ہے؟

راہ چلتے ہراسانی تشدد کی ایک قسم ہے جو پوری دنیا میں عام ہے نیز اس کی جڑیں جبر کی مختلف اور متقاطع شکلوں میں موجود ہیں۔

نیو یارک سٹی میں، ہم راہ چلتے ہراسانی کی تعریف ان چاہے یا ناگوار گستاخانہ، جارح، یا دھمکی آمیز بیانات، اشاروں یا دیگر رویوں کے طور پر کرتے ہیں جن کا نشانہ عوام میں موجود کوئی شخص ہو اور جس کی بنیاد اس شخص کی حقیقی یا قیاسی عمر، نسل، قومی بنیاد، صنفی شناخت، صنفی اظہار، معذوری، جنسی رجحان، یا دیگر اطوار، حالت یا کیفیت ہو۔

راہ چلتے ہراسانی خوف، اضطراب اور عدم اعتماد کا سبب بن کر اور لوگوں کی حرکت پذیری کو محدود کر کے انہیں تکلیف پہنچاتی ہے۔ یہ پوری کمیونٹیز کو بھی متاثر کر سکتی ہے: جب لوگ عوامی مقامات پر محفوظ محسوس نہیں کرتے ہیں تب ان کے باہر وقت گزارنے یا اجتماعی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا امکان کم ہوتا ہے۔

چونکہ راہ چلتے ہراسانی اکثر تاریخی لحاظ سے جبر کے شکار گروپوں کے ممبران کو نشانہ بناتی ہے، لہٰذا اس سے ان گروپوں کو مزید شدت کے ساتھ تکلیف پہنچتی ہے، جن میں خواتین اور لڑکیاں، مخنث، غیر مطابق صنف، صنفی ثنائی، اور/یا بین جنسہ (TGNCNBI) افراد، زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، یا ہم جنس پرست (LGBQ) افراد، سیاہ فام، لاطینی، اور ایشیائی افراد، مسلم افراد، اور معذور افردا شامل ہیں۔

نیو یارک سٹی میں، راہ چلتے ہراسانی بہت عام ہے، اور اسے روکنے اور اس پر جوابی اقدام کرنے میں ہم سب کو کردار ادا کرنا ہے۔ وسائل کا یہ رہنما کتابچہ اس بابت مزید جاننے میں نیو یارک کے باشندوں کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ راہ چلتے ہراسانی پر بحفاظت جوابی اقدام کیسے کیا جائے اور راہ چلتے ہراسانی کے کسی واقعے کے بعد خود اپنے اور اپنے آس پاس موجود دوسرے لوگوں کے ساتھ تعاون کیسے کیا جائے۔

اگر راہ چلتے ہراسانی کا معاملہ میرے ساتھ پیش آتا ہے تو میں کیا کر سکتا / سکتی ہوں؟

اگر آپ کو عوام میں ہراساں کیا جاتا ہے تو یاد رکھیں کہ اس میں آپ کا قصور نہیں ہے اور آپ جیسا بھی جوابی اقدام کریں ٹھیک ہے، جس میں سرے سے کوئی جوابی اقدام نہیں کرنا بھی شامل ہے۔ ویسے تو آپ کو کوئی کارروائی کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر آپ محفوظ اور اہل محسوس کریں تو، آپ درج ذیل میں سے کسی بھی حکمت عملی پر غور کر سکتے ہیں:

کسی محفوظ جگہ چلے جائیں

اگر آپ سے ہو سکے تو، مقامی کاروبار، اسٹور، کافی شاپ،عمارت کی لابی، یا دیگر ایسی عوامی جگہ پر چلے جائیں جہاں آپ مدد حاصل کر سکیں۔ اگر آپ اور ہراساں کرنے والا بس یا ٹرین پر تن تنہا ہیں تو، ڈرائیور کے پاس بیٹھیں یا کار کو دوسرے لوگوں سے قریب تر لے جائیں۔[1]

اپنی جگہ کا دوبارہ دعویٰ کریں

ہراساں کرنے والے کو یہ کہہ کر حد متعین کریں کہ وہ جو کر رہے ہیں اس سے باز آئیں اور دور چلے جائیں۔ براہ راست نگاہوں کا رابطہ بنائیں، مضبوطی سے بات کریں، اور آپ ان سے جو کروانا چاہتے ہیں وہ اور اس کی وجہ انہیں بتائیں، جیسے: "مجھ سے اس طرح کی بات مت کرو، یہ ہراسانی ہے۔ دور ہو جاؤ"، یا تم مجھے ہراساں کر رہے ہو، یہ ٹھیک نہیں ہے۔"[2]

---

1 https://www.rainn.org/articles/street-harassment#:~:text=HOPE%20(4673)%20or%20chat%20online,5910%20or%20through%20online%20chat.

2 https://righttobe.org/guides/how-to-respond-to-public-harassment/

تماشائیوں سے مدد طلب کریں

آپ کو ہراساں کرنے والے شخص نے جو کچھ کہا یا کیا اس کا بہ آواز اعلان کر کے مدد طلب کریں، مثلاً: "نیلی شرٹ والا آدمی میرا پیچھا کر رہا ہے۔ مجھے مدد درکار ہے!" پھر آپ لوگوں سے جو کام کروانا چاہتے ہیں وہ انہیں بتائیں، جیسے: "کیا آپ یہاں میرے ساتھ انتظار کر سکتے ہیں؟ کیا آپ کونے تک میرے ساتھ چل سکتے ہیں؟"[3]

تعامل کو ریکارڈ کریں

آپ کو ہراساں کرنے والے شخص کو، اور کوئی شناختی معلومات ریکارڈ کرنے کے لیے اپنا فون استعمال کریں یا قریب میں موجود کسی شخص سے ریکارڈ کرنے کو کہیں۔ اگر آپ چاہیں تو، کسی واقعے کو رپورٹ کرنے، یا سوشل میڈیا پر یا امدادی نیٹ ورکس کےساتھ اپنی کہانی شیئر کرنے کے لیے یہ مواد استعمال کر سکتے ہیں۔[4]

ہنگامی اعانت طلب کریں

اگر آپ یا دوسرے لوگ فوری خطرے میں ہوں تو 911 پر کال کریں۔ نوٹ کر لیں کہ یہ عمل پولیس کے جوابی اقدام کا سبب بنے گا۔

3 https://msmagazine.com/2014/12/09/how-do-you-respond-to-street-harassment-here-are-some-suggestions/

4 https://plan-international.org/girls-get-equal/how-to-handle-catcallers/

اگر میں بر سر عام کسی کو ہراساں کیے جاتے ہوئے دیکھوں تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ راہ چلتے ہراسانی دیکھتے / دیکھتی ہیں، اور آپ مداخلت کرنے کو کافی محفوظ محسوس کرتے/ کرتی ہیں تو، آپ **رائٹ ٹو بی (Right To Be) کا تماشائیوں کی مداخلت کی Ds5** کا استعمال کر سکتے / سکتی ہیں:[5]

توجہ منتشر کریں	براہ راست اس شخص کے ساتھ مشغول ہوں جس کو ہراساں کیا جا رہا ہے اور ان سے کسی ایسی چیز کے بارے میں بات کریں جو مکمل طور پر ہراسانی سے غیر متعلق ہو۔ ہراساں کرنے والے کو نظر انداز کریں۔
تفویض کریں	کسی قریبی شخص سے، جس کو اس جگہ میں اختیار ہو سکتا ہو، مداخلت کرنے میں اپنی مدد کرنے کو کہیں۔ آپ ان سے جو کروانا چاہتے ہیں وہ واضح طور پر انہیں بتائیں۔
دستاویز سازی کریں	ریکارڈ کریں یا نوٹس بنائیں، لیکن صرف اس صورت میں کہ کوئی شخص پہلے سے ہراساں کیے جا رہے شخص کی مدد کر رہا ہو۔ ہمیشہ اس شخص سے پوچھیں کہ وہ آپ کی دستاویزی شہادت کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہیں۔
تاخیر کریں	ہراسانی کے بعد بھی، آپ کسی شخص کی یوں مدد کر سکتے ہیں کہ ان کی خیریت معلوم کریں، پوچھیں کہ آیا وہ بخیر ہیں، یا کوئی ایسا کام ہے جو آپ ان کا تعاون کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔
راست اقدام کریں	اپنی حفاظت کا جائزہ لینے اور یہ یقینی بنانے کے بعد کہ آپ واقعے کو بڑھا چڑھا نہیں رہے / رہی ہیں، نامناسب برتاؤ کا نام لے کر اور ضرر پہنچانے والے شخص سے باز پرس کر کے براہ راست جوابی اقدام کریں۔

NYC سے باہر راہ چلتے ہراسانی پر جوابی اقدام اور اس کی روک تھام

بیونس آئرس، ارجنٹینا راہ چلتے ہراسانی پر کس طرح جوابی اقدام کر رہا ہے؟

راہ چلتے ہراسانی کا ارتکاب کرنے والے شخص کو عدالت کی لازمی قرار دی گئی کمیونٹی سروس انجام دینا ضروری ہے۔ مقامی حکومت نے بھی 2018 میں ایک بیداری مہم کی قیادت کی۔

ماخذ: https://www.bbc.com/news/world-latin-america-38252462

5 https://righttobe.org/guides/bystander-intervention-training/

راہ چلتے ہراسانی کا تجربہ ہونے کے بعد میں مدد کہاں تلاش کر سکتا/ سکتی ہوں؟

راہ چلتے ہراسانی کے اثرات قلیل اور طویل مدتی دونوں ہو سکتے ہیں، اور ان میں اضطراب اور افسردگی، کمیونٹی میں کم اعتماد اور ربط محسوس کرنا، اور مخصوص عوامی مقامات سے یا اکیلے باہر جانے سے احتراز کرنا اور بہت ساری دیگر چیزیں شامل ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے کسی واقف کار کو راہ چلتے ہراسانی کا سامنا ہوا ہے، تو مدد دستیاب ہے۔

مشاورت اور وکالتی خدمات سمیت تعاون حاصل کریں

اینٹی وائلنس پروجیکٹ (Anti-Violence Project, AVP) avp.org

AVP زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، مخنث، ہم جنس پرست (LGBTQ) اور HIV سے متاثرہ کمیونٹیز اور اتحادیوں کو منظم کر کے اور انہیں تعلیم دے کر تشدد کی تمام قسموں کو ختم کرنے کی قوت عطا کرتا ہے اور مشاورت و پیروی کے ذریعے متاثرین کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔

- **تعاون حاصل کریں** avp.org/gethelp/getsupport
  AVP نیو یارک سٹی میں تشدد کی تمام شکلوں سے LGBTQ کو اور HIV سے متاثرہ تمام متاثرین کو براہ راست کلائنٹ والی خدمات فراہم کرتا ہے، جس میں اس کی ہاٹ لائن، مشاورت، حمایت، امدادی گروپ کے ذریعے اور قانونی خدمات شامل ہیں۔

- **AVP ہاٹ لائن: 212-714-1141 پر کال یا ٹیکسٹ کریں۔** مفت، انگریزی/ہسپانوی، 24/7 بحرانی مداخلت کی ہاٹ لائن جس کے عملہ میں تربیت یافتہ رضاکاران اور پیشہ ور مشیر/ایڈووکیٹس LGBTQ اور HIV سے متاثرہ متاثرین اور کسی بھی قسم کے تشدد سے متاثرین کو تعاون پیش کرنے کے لیے موجود ہیں۔

نیشنل اسٹریٹ ہراسمنٹ ہاٹ لائن hotline.rainn.org/ssh-en

- ایک مفت، رازدارانہ خدمت جو رواں تعاون بشمول جذباتی تعاون، ہراساں کرنے والے سے نمٹنے کے طریقے سے متعلق مشورہ اور فون یا آن لائن پیغام رسانی کے ذریعے آپ کے قانونی حقوق کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہاٹ لائن کسی بھی ایسے شخص کے لیے دستیاب ہے جس کو عوام میں صنف پر مبنی ہراسانی کا سامنا ہوا ہو یا اسے ایسے شخص کے بارے میں تشویش ہو جس کو اس کا سامنا ہوا ہے یا ہو رہا ہے۔

- ہاٹ لائن تک آن لائن رسائی اس پر حاصل کریں hotline.rainn.org/ssh-en

- **855-897-5910** پر کال کر کے فون پر ہاٹ لائن تک رسائی حاصل کریں

نیو یارک سٹی ویل (NYC Well) nyc.gov/nycwell

- NYC Well نیو یارک کے باشندوں کو مفت، رازدارانہ ذہنی صحت کے تعاون سے مربوط کرتا ہے 24/7۔ آپ 200 سے زائد زبانوں میں فون، ٹیکسٹ یا چیٹ کی معرفت مشیر سے بات کر سکتے ہیں نیز ذہنی صحت خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ **1-888-NYC-WELL** پر کال کریں، 'well' لکھ کر **65173** پر بھیجیں، یا مشیر سے ابھی آن لائن چیٹ کریں۔ nycwell.cityofnewyork.us/en/get-help-now/chat-with-a-counselor-now

سیف ہورائزن (Safe Horizon) safehorizon.org

امریکہ میں متاثرین کی خدمات کے لیے سب سے بڑی غیر منفعتی ایجنسی کے بطور، سیف ہورائزن متاثرین اور ان کی فیملیز کے لیے مشفقانہ اور ماہرانہ تعاون پیش کرتی ہے۔ سیف ہورائزن مشاورت، کمیونٹی پر مبنی پروگرامنگ، پناہ گاہ، حفاظتی منصوبہ بندی، قانونی وکالت، وغیرہ پیش کرتی ہے اور کسی بھی زبان میں اعانت کر سکتی ہے۔

- safehorizon.org ملاحظہ کریں یا کال کریں:
  - خانگی تشدد سے متعلق ہاٹ لائن (Domestic Violence Hotline): **1-800-621–HOPE (4673)**
  - عصمت دری یا جنسی دست درازی سے متعلق مدد: **1-212-227-3000**
  - تمام جرائم کی ہاٹ لائن: **1-866-689-HELP (4357)**

1 میں 6 (1in6) in6.org1

کا مشن ان چاہے یا ظالمانہ جنسی تجربات رکھنے والے لوگوں کی زیادہ صحت مند، اور زیادہ خوشگوار زندگیاں جینے میں مدد کرنا ہے۔

- **1in6 سپورٹ گروپس** supportgroup.1in6.org

مفت، رازدارانہ، گمنام، اور مشیر سے سہولت یافتہ چیٹ پر مبنی امدادی گروپس ان لوگوں کے لیے جو مردوں کے بطور شناخت رکھتے ہیں۔ گروپس کا اہتمام روزانہ پیر تا جمعہ ہوتا ہے۔

اپنی کہانی شیئر کریں

بھروسہ مند شخص یا تنظیم کے ساتھ اپنی کہانی شیئر کرنا ہراسانی کے تجربے سے صحت یاب ہونے یا ملتے جلتے تجربات سے گزرنے والے دوسرے لوگوں سے آپ کو مربوط کرنے میں مددگار ہو سکتا ہے۔

کیٹ کالز آف NYC (Catcalls of NYC) catcallsofnyc.com

تنظیم جو صنف پر مبنی ہراسانی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے پبلک چاک آرٹ کا استعمال کرتی ہے اس طرح کہ ہراسانی اور مقامات کی کہانیوں پر اصرار کرتی ہے، پھر #stopstreetharassment کے ساتھ چاک سے تبصرے لکھتی ہے اور تصاویر کو **کیٹ کالز آف NYC کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ** instagram.com/catcallsofnyc پر پوسٹ کرتی ہے۔

- **اپنی کہانی میں تخلیقی بنیں** catcallsofnyc.com/share-your-story
کیٹ کالز آف NYC کیٹ کالنگ اور راہ چلتے ہراسانی کے تجربے میں تخلیقی عرضیوں کا خیر مقدم کرتی ہے، جس میں ذاتی مضامین، نظمیں، مختصر کہانیاں، فنی کام، و دیگر چیزیں شامل ہیں۔

رائٹ ٹو بی (Right To Be)

- **اپنی کہانی شیئر کریں** stories.righttobe.org
رائٹ ٹو بی کے پورٹل کی معرفت اپنی کہانی شیئر کرنے کے لیے سائن اپ کریں، ایک ایسی کمیونٹی میں شامل ہوں جہاں آپ دونوں خود اپنی کہانی سنا سکتے اور جن دیگر افراد نے اپنی کہانی سنائی ہے ان کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں۔

- **ریزیلینس ٹریننگ** righttobe.org/resilience-training
مفت، ایک گھنٹے کی، تجرباتی تعلیم پر مبنی اور متعامل تربیت جو اس بات پر مرکوز ہے کہ Right To Be کا پائیدار طریقہ کار استعمال کر کے خود اپنی ریزیلیئنس کیسے تحریر کی جائے: جو کچھ ہے اس کے ساتھ بیٹھیں، خود اپنی کہانی بنائیں، اور انتخاب میں رہیں۔

سیف سٹی (Safecity) safecity.in
سیف سٹی ایک آن لائن ایپلیکیشن ہے جو پیٹرنز اور کلیدی بصیرتوں کی شناخت کرتے ہوئے بھیڑ سے جمع کردہ ہراسانی اور جنسی تشدد کی گمنام رپورٹوں کو اکٹھا اور ان کا تجزیہ کرتی ہے۔

- ایپ کو **ایپ اسٹور**[6] یا **گوگل پلے**[7] سے ڈاؤن لوڈ کریں، یا **سیف سٹی ویب ایپ**[8] استعمال کر کے NYC میں ہراسانی کے کسی واقعے کو رپورٹ کریں۔

NYC سے باہر راہ چلتے ہراسانی پر جوابی اقدام اور اس کی روک تھام

واشنگٹن DC راہ چلتے ہراسانی پر کس طرح جوابی اقدام کر رہا ہے؟

راہ چلتے ہراسانی سے متعلق کمیونٹی پر مبنی ایک مشاورتی کمیٹی تخلیق کی اور 2019 میں عوامی رابطہ مہم کی رہنمائی کی۔

ماخذ: https://ohr.dc.gov/nostreetharassmentdc

6 https://apps.apple.com/in/app/safecity-app/id1281880382
7 https://play.google.com/store/apps/details?id=com.safecity.android&hl=en_US&gl=US&pli=1
8 https://webapp.safecity.in/

میں راہ چلتے ہراسانی روکنے میں کس طرح مدد کر سکتا/سکتی ہوں؟

راہ چلتے ہراسانی اور اس کے اثرات کے بارے میں خود کو تعلیم دینا اسے روکنے اور آپ کی کمیونٹی میں محفوظ تر جگہیں تیار کرنے میں پہلا قدم ہے۔ راہ چلتے ہراسانی کی بہت ساری شکلیں ہو سکتی ہیں۔ یہ کہاں اور کس طرح پیش آ سکتی ہے اور اس سے کس پر اثر پڑ سکتا ہے اس کو سمجھنے سے آپ کو آگہی پھیلانے اور روک تھام کی کوششوں میں متاثرہ کمیونٹیز کو مرکز میں لانے میں مدد مل سکتی ہے۔ ذیل میں کچھ اقدامات ہیں جو آپ راہ چلتے ہراسانی کے بارے میں جاننے اور اسے روکنے کے لیے اختیار کر سکتے ہیں:

تربیت حاصل کرنا یا پروگرام میں شامل ہونا

- مرکز برائے تشدد مخالف تعلیم caeny.org
  - اپ اسٹنڈر ٹریننگز (Upstander Trainings) caeny.org/upstander
    مفت تربیت جو کمیونٹیز میں تشدد کو روکنے، اس کی بیخ کنی کرنے اور اس سے شفا یاب ہونے میں مدد کے لیے لوگوں کے درمیان استعمال ہونے والے باہمی ٹولز کی تعلیم دیتی ہے۔
- گرلز فار جینڈر ایکوئٹی ggenyc.org
  - نوجوانوں پر مرتکز پروگرامز ggenyc.org/programs
    GGE چار عدد جامع نوجوانوں پر مرتکز پروگرامز چلاتا ہے جس کی جڑیں سماجی انصاف، فعالیت پسندی اور خود کے لیے اور کمیونٹی کے لیے حمایت میں پیوست ہیں۔
- ملکہ malikah.org
  - خود کا دفاع اور تماشائیوں کے لیے مداخلت کی تربیت malikah.org/trainings
    یہ تربیتیں نقل و حرکت اور خود کا دفاع کرنے کو اندمال کے عمل کے بطور سکھاتی ہیں جس میں شرکاء کو اپنی حفاظت اور جگہ پر پورا کنٹرول ہوتا ہے۔
- NYC کمیشن برائے انسانی حقوق (NYC Commission on Human Rights) nyc.gov/cchr
  - تماشائیوں کے لیے مداخلتی تربیت nyc.gov/site/cchr/community/bystander-intervention.page
    CCHR اور کمیونٹی پارٹنرز باقاعدگی سے تماشائیوں کے لیے مداخلتی تربیتوں کی مشترکہ میزبانی کرتے ہیں۔

رائٹ ٹو بی righttobe.org

- **تماشائیوں کے لیے مداخلتی تربیت**

righttobe.org/bystander-intervention-training

یہ مفت تربیت آپ کو ہراسانی کو روکنے میں مدد کرنے کا طریقہ آسان اور محفوظ تدابیر کے ایک مجموعہ — Ds5 کی مدد سے سکھائے گی۔

رائز پروجیکٹ (The RISE Project)

innovatingjustice.org/programs/rise-project

- **تماشائیوں کے لیے مداخلت کی تربیت**

کمیونٹیز اور نو عمر افراد کے لیے مفت تربیت اور ورکشاپس تاکہ تشدد کو روکا جائے اور اس پر جوابی اقدام کیا جائے۔

راہ چلتے ہراسانی کے بارے میں پڑھیں اور اس کی حد اور اثرات کو سمجھیں

INCITE! 2018 کا راہ چلتے ہراسانی سے متعلق پمفلٹ incite-national.org

- INCITE کا یہ پمفلٹ[9]! تشدد کے خلاف سیاہ فام خواتین کی طرف سے راہ چلتے ہراسانی کی مثالیں اور بحفاظت جوابی اقدام کرنے کے لیے سفارشات فراہم کرتا ہے۔

NYC کا دفتر برائے منافرتی جرائم کی روک تھام: منافرتی جرائم کے بارے میں

nyc.gov/ophc

- دفتر برائے منافرتی جرائم کی روک تھام کی ویب سائٹ[10] پر منافرتی جرم کی تعریف، اور مزید جاننے میں آپ کی مدد کے لیے وسائل کے لنکس درج ہیں۔

پلان انٹرنیشنل 2018 رپورٹ: راہ چلتے ہراسانی – یہ ٹھیک نہیں ہے plan-uk.org

- پلان انٹرنیشنل یوکے یہ رپورٹ[11] پورے یوکے میں لڑکیوں سے انٹرویو کرنے کے بعد جاری کرتا ہے، جس میں یہ تفصیل ہوتی ہے کہ کس طرح لڑکیوں نے راہ چلتے ہراسانی اور اس کے اثرات کے رینج کی رپورٹ کی۔

9 https://incite-national.org/wp-content/uploads/2018/07/6378_street_harass_pamphlet.pdf
10 https://www.nyc.gov/site/stophate/resources/about-hate-crimes.page
11 https://plan-uk.org/file/plan-uk-street-harassment-reportpdf/download?token=CyKwYGSJ

اسٹاپ اسٹریٹ ہراسمنٹ (STOP Street Harassment)

stopstreetharassment.org

- اسٹاپ اسٹریٹ ہراسمنٹ ایک غیر منفعتی تنظیم ہے جو تحقیق، نیشنل ہاٹ لائن، اور بیداری مہموں کے ذریعے راہ چلتے ہراسانی کو ختم کرنے کا کام کرتی ہے۔
- 2019 میں انہوں نے رپورٹ **STOP Street Harassment: Measuring #Me Too: A National Study on Sexual Harassment and Assault (اسٹاپ اسٹریٹ ہراسمنٹ: #Me Too کی پیمائش: جنسی ہراسانی اور دست درازی پر ایک قومی مطالعہ)**[12] جاری کی

محفوظ عوامی جگہیں بنانے کے لیے اپنی کمیونٹی کے ساتھ کام کریں

اوپن اسٹریٹس (Open Streets) nyc.gov/openstreets

NYC کا اوپن اسٹریٹ پروگرام عوامی سڑکوں کو کمیونٹی کی جگہوں میں بدلتا ہے جہاں نیو یارک کے باشندے پروگرامنگ بنا سکتے اور اپنے اسٹریٹس کی سے جڑ سکتے ہیں۔ تمام سرگرمیاں مفت اور سبھی کے لیے کھلی ہوئی ہیں، اور اوپن اسٹریٹسکی درخواستیں جاری بنیاد پر قبول کی جاتی ہیں۔

پبلک اسپیس پروگرامنگ (Public Space Programming)

nyc.gov/publicspaceprogramming

NYC کی تنظیمیں DOT کی کٹیلاگ کا استعمال کر کے وسیع پیمانے کی قابل رسائی پبلک پروگرامنگ اپنی سڑکوں اور عوامی جگہوں کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔

اسٹاپ ٹیلنگ ویمین ٹو اسمائل (Stop Telling Women to Smile)

stoptellingwomentosmile.com

ایک آرٹ سیریز جو فنکار تتیانا فضل علی زادہ (Tatyana Fazlalizadeh) tlynnfaz.com کی تخلیق کردہ ہے جو کیپشنز کے ساتھ ڈرا کردہ پورٹریٹس ڈال کر صنف پر مبنی راہ چلتے ہراسانی کا ازالہ کرتی ہے جو جرم کا ارتکاب کرنے والوں سے عوامی جگہوں میں براہ راست بات کرتا ہے۔ **پوسٹرز مفت اور آپ کی** stoptellingwomentosmile.com/participate کمیونٹی، اسکول، یا عمارت میں پوسٹ کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔

اسٹریٹ سیٹس (Street Seats) nyc.gov/streetseats

اسٹریٹ سیٹس NYC کمیونٹی کی کسی تنظیم، کاروبار یا ادارے کے لیے نیو یارک کے باشندوں کی خاطر عوام میں ایک ساتھ مل بیٹھنے کی جگہ تخلیق کرنے کا ایک طریقہ پیش کرتی ہیں۔

12 https://stopstreetharassment.org/wp-content/uploads/2012/08/2019-MeToo-National-Sexual-Harassment-and-Assault-Report.pdf

اپنے دوستوں اور فیملی سے راہ چلتے ہراسانی کے بارے میں بات کریں، اور اس بارے میں وسائل شیئر کریں کہ وہ کس طرح اتحادی بن سکتے ہیں

بیٹر بریو (BetterBrave) betterbrave.org/allies

- اتحاد میں تعاون کرنے کے لیے ایک رہنما، جو کارروائی کرنے کے لیے تجاویز، اور روزمرہ کی فعالیت پسندی کے لیے خیالات پر مشتمل ہے۔ یوں تو نشانہ جائے کار میں ہونے والی ہراسانی ہے، مگر اس وسیلے کا ربط جائے کار سے ماوراء اتحاد سے ہے۔

اٹز ناٹ اے کمپلیمنٹ (It's Not a Compliment)

itsnotacompliment.org/10-ways-tackle-street-harassment

- راہ چلتے ہراسانی سے نمٹانے کے 10 طریقے، بشمول آپ کی فیملی اور دوستوں کے ساتھ ایسی بات چیت کرنا جو راہ چلتے ہراسانی کو عام گردانے کو چیلنج کرتا ہو۔

NYC سے باہر راہ چلتے ہراسانی پر جوابی اقدام اور اس کی روک تھام

برسلز، بیلجیم راہ چلتے ہراسانی پر کس طرح جوابی اقدام کر رہا ہے؟

جس شخص نے راہ چلتے ہراسانی کا ارتکاب کیا ہے اسے جنسی ہراسانی سے متعلق تین معلوماتی تربیتی سیشن میں حاضر ہونا اور جب وہ حاضر ہوں تو پبلک پراسیکیوٹر کو مطلع کرنا ضروری ہے۔

ماخذ: https://www.brusselstimes.com/179944/tackling-sexual-harassment-in-belgium-is-joint-responsibility-police-says

میں ہراسانی یا امتیازی سلوک کی رپورٹ کس طرح کر سکتا/سکتی ہوں؟

NYC کے پاس مخصوص انسانی حقوق کے قوانین ہیں جو صنف، نسل، نسلیت، جنسی رجحان،مذہب، یا دیگر تحفظ یافتہ خصوصیات نیز منافرتی جرائم کی روک تھام سے متعلق[13] قوانین اور پروگرامنگ پر مبنی امتیازی سلوک کی روک تھام کرتے ہیں۔

اگر کسی کو اس کی صنف، نسل، نسلیت، جنسی رجحان، مذہب، و دیگر تحفظ یافتہ خصوصیات کی بنیاد پر ہراساں کیا جاتا ہے تو اس کی رپورٹ ذیل میں مندرج متعلقہ دفتر کو کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ رپورٹ کرنے کا ہی انتخاب کرتے ہیں تو یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ ممکن ہے جس شخص سے آپ بات کریں وہ فوری طور پر، یا بالکل بھی آپ کی مدد کرنے پر قادر نہ ہو۔ یوں تو رپورٹ کرنا ڈیٹا میں تعاون کرنے اور کسی مسئلے کے دائرے کو سمجھنے میں مددگار ہو سکتا ہے، مگر ممکن ہے یہ آپ کے لیے درست انتخاب نہ ہو۔ اگر یہ معاملہ ہے تو، آپ اس دستاویز میں مندرج دیگر وسائل تلاش کر سکتے ہیں۔

NYC کمیشن برائے انسانی حقوق (NYC Commission on Human Rights, CCHR)

- **امتیازی سلوک کی رپورٹ درج کرائیں**

nyc.gov/site/cchr/about/report-discrimination.page

یہ آن لائن فارم استعمال کر کے امتیازی سلوک کی رپورٹ درج کرائیں، چاہے آپ کسی باضابطہ شکایت میں شامل ہونے کے خواہاں ہوں یا نہ ہوں۔

نیویارک میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA)

new.mta.info

- **اگر آپ کو نیو یارک ٹرانزٹ سسٹم میں کوئی منافرتی جرم نظر آئے تو کیا کریں**

new.mta.info/respect

اس بارے میں رہنمائی کہ سب وے، بس، لانگ آئلینڈ ریل روڈ، اور میٹرو نارتھ پر منافرتی جرائم یا تعصب سے تحریک یافتہ دھمکیوں یا ہراسانی کے جن واقعات کا آپ کو مشاہدہ ہوتا ہے ان پر جوابی اقدام یا ان کی رپورٹ کیسے کریں۔

NYC کا دفتر برائے منافرتی جرائم کی روک تھام (NYC Office for the Prevention of Hate Crimes, OPHC)

- **منافرتی جرم کے متاثرین کی مدد کے لیے رہنما (Hate Crime Victims Guide to Help)**

nyc.gov/assets/stophate/downloads/pdf/hate-crimes-victims-guide-to-help.pdf

میں NYC میں منافرتی جرم کی رپورٹ کرنے کے متعدد طریقوں، بشمول متاثرہ فرد کے لیے اعانت موصول کرنے سے متعلق معلومات، اور معاون کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

13 https://www.nyc.gov/assets/cchr/downloads/pdf/materials/ProtectedClasses_Factsheet.pdf 13

2022 کے لوکل لاء 46 کے مطابق، یہ وسیلے کی گائیڈ نیو یارک سٹی کے میئر کے دفتر برائے گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد کے خاتمے اور نیو یارک سٹی کمیشن برائے صنفی مساوات کے ذریعے نیو یارک سٹی کے راہ چلتے ہراسانی کی روک تھام کے لیے مشاورتی کمیٹی کے باہمی اشتراک سے تیار کیا گیا تھا۔

آخری بار جون 2023 میں اپ ڈیٹ کیا گیا۔ اس رہنما کتابچہ سے متعلق سوالات یا تبصروں کے ساتھ براہ کرم general@endgbv.nyc.gov پر ای میل کریں۔

nyc.gov/endgbv
nyc.gov/genderequity

NYC COMMISSION ON GENDER EQUITY

NYC Mayor's Office to End Domestic and Gender-Based Violence

NYC میں راہ چلتے ہراسانی کی روک تھام مشاورتی بورڈ